حصہ "الف" (کثیر انتخابی سوالات)

سوال ۱۔ درج ذیل میں سے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

(۱) بہادر یار جنگ کہاں پیدا ہوئے؟
(الف) دہلی (ب) امرتسر (ج) آگرہ (د) حیدرآباد دکن

(۲) جمن کے گاؤں کا نام کیا تھا؟
(الف) شانتی نگر (ب) سید نگر (ج) عزت نگر (د) علی نگر

(۳) جرمن سیاح کتنی زبانوں میں بات کر سکتا تھا؟
(الف) دو (ب) تین (ج) متعدد (د) چار

(۴) پاکستان بننے کے بعد ________ وزیر اعظم بن گئے۔
(الف) قائداعظم (ب) ایوب خان (ج) لیاقت علی خان (د) حسین سہروردی

(۵) ایسی نظم جس میں اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی جائے اسے کیا کہتے ہیں۔
(الف) حمد (ب) نعت (ج) مناجات (د) منقبت

(۶) حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ خلیفہ بننے سے پہلے کیسی زندگی بسر کرتے تھے؟
(الف) سادہ (ب) عمدہ (ج) درمیانہ (د) شاندار

(۷) 10 مئی کو جہاز میں کیا واقعہ پیش آیا؟
(الف) جہاز غرق ہو گیا (ب) جہاز تیز چلنے لگا (ج) جہاز اڑنے لگا (د) جہاز کا انجن ٹوٹ گیا

(۸) قائداعظم کس طرح کے چہرے کے مالک تھے؟
(الف) گول (ب) بیضوی (ج) روشن (د) چپٹے

(۹) نام دیو مالی پودوں کو کیا سمجھتا تھا؟
(الف) جائیداد (ب) اولاد (ج) دولت (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۱۰) ابن مریم سے کیا مراد ہے؟
(الف) حضرت موسیٰ (ب) حضرت ابراہیم (ج) حضرت عیسیٰ (د) حضرت آدمؑ

(۱۱) نظم "پہاڑ اور گلہری" کے شاعر کا نام کیا ہے؟
(الف) حفیظ جالندھری (ب) غالب (ج) علامہ اقبال (د) میر تقی میر

(۱۲) مصرعہ مکمل کیجئے۔ مرا بی ہے جب تک تیری ________ ہے۔
(الف) جستجو (ب) آرزو (ج) روبرو (د) دوبدو

(۱۳) علامہ شبلیؒ نے اپنی نظم میں "سیدہ پاک" کسے کہا ہے؟
(الف) حضرت فاطمہؓ (ب) حضرت زینبؓ (ج) حضرت خدیجہؓ (د) حضرت ام سلمہؓ

(۱۴) شہید ملت لیاقت علی خان کو کب شہید کیا گیا؟
(الف) 1950 (ب) 1949 (ج) 1951 (د) 1948

(۱۵) سبق "شیخ نیازی" کس کی تصنیف ہے؟
(الف) سرسید (ب) مولفین (ج) حکیم سعید (د) رشید احمد صدیقی

حصہ ۔ ب (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ: کسی بھی 9 سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔ ہر سوال کے 4 نمبر ہیں۔

سوال ۲۔ اسلام کا سب سے پہلا حکم کیا ہے؟

سوال ۳۔ خلیفہ سلیمان بن عبدالملک اپنی موت کے وقت کس بات پر افسوس کر رہا تھا؟

سوال ۴۔ ہم نے پاکستان کس طرح حاصل کیا؟

سوال ۵۔ فاطمہ بنت عبداللہ نے اللہ کی راہ میں کس طرح اپنی جان قربان کی؟

سوال ۶۔ مندرجہ ذیل الفاظ اپنے جملوں میں استعمال کریں۔ ذخیرہ تقلید گشت قلت

سوال ۷۔ مسٹر آرنلڈ جہاز خراب ہونے کے وقت کیا کر رہے تھے؟

سوال ۸۔ نام دیو مالی کی موت کس طرح واقع ہوئی؟

سوال ۹۔ جمع بنائیے۔ رسم غرض کافر صحابی

سوال ۱۰۔ انسان کی وہ خوبی کیا ہے جو دوسرے جانداروں میں نہیں؟

سوال ۱۱۔ بہادر یار جنگ کی زندگی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

سوال ۱۲۔ نیچے دیئے ہوئے الفاظ کو صحیح ترتیب دے کر جملہ بنائیے۔
قرآن مجید۔ ہے۔ کتاب۔ آخری۔ کی۔ اللہ

سوال ۱۳۔ متضاد بنائیے۔ شہر سناٹا زندگی کھلی

حصہ "ج" (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ: کسی بھی تین سوالات کے تفصیلی جواب لکھیں ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

سوال ۱۴۔ درج ذیل اقتباس کی تشریح سبق کا حوالہ دے کر کیجئے۔
"دنیا میں کوئی ایسی نہیں جس نے خود ہی تمام کمالات اور تمام خوبیاں اور خوشیاں حاصل کی ہوں۔ بلکہ ہمیشہ ایک قوم نے دوسری قوم سے فائدہ اٹھایا ہے۔"

سوال ۱۵۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کریں۔
فضول رسمیں آبدوز کشتی شہید ملت

سوال ۱۶۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔
(الف) مثال آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دونوں عالم میں کیا ہو
کہ ہر بات ہے بے مثال اللہ اللہ
(ب) نہیں ہے چیز نکمی کوئی زمانے میں
کوئی برا نہیں قدرت کے کارخانے میں

سوال ۱۷۔ اپنے چھوٹے بھائی کو ایک خط لکھئے جس میں اسے ایسی باتیں بتائیے۔ جن سے انسان کو بچنا چاہیے۔

سوال ۱۸۔ تعصب کے نقصانات پر ایک مضمون لکھیے۔
یا
نظم "آمد بہار" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔